# توجہ دلاؤنوٹس

میں اس معزز ایوان کی توجہ ایک اہم ایشو کی طرف مبذول کرانا چاہتا ہوں۔ اور وہ یہ کہ صوبہ سندھ کے کچے کے علاقے میں ملک کے دوسرے علاقوں سے لوگوں کو مختلف طریقوں سے اغوا کیا جاتا ہے۔ اور ہمہ وقت ان لوگوں پر ظلم و بربریت کرکے ان کی ویڈیوز بنا کر سوشل میڈیا پر وائرل کرکے ان کے خاندانوں سے بھاری رقم کا مطالبہ کیا جاتا ہے۔ حال ھی میں میرے گاوں میرانی کا رہائشی جمیل کو نوکری کا جھانسہ دیکر اغواء کیا گیا ہے۔ اور اب انکی رہائی کیلئے لاکھوں روپے کی تاوان کا مطالبہ کیا جارہا ہے۔ مغوی غریب خاندان سے تعلق رکھتا ہے اور انکے پاس لاکھوں روپے تو کیا اپنے روزمرہ کے اخراجات پورے کرنے کیلئے بھی وسائل نہیں ہیں۔

لہذا یہ صوبائی حکومت کی توجہ اسطرح کے گھناونے جرائم کی روک تھام کی طرف نہ صرف مرکوز کرنا چاہتا ہوں بلکہ حکومت خیبر پختونخوا کوئی طریقہ کار وضع کرکے، کہ وفاقی اور سندھ حکومتوں کی مدد سے جمیل کو اغواء کاروں کے چنگل سے نہ صرف رہا کیا جائے بلکہ اسطرح کے بھیانک جرائم کا سدباب کرنے کیلئے فوری اقدامات اٹھانے کیلئے کوئی ٹھوس لائحہ عمل بنائے۔

10/07/25

تاج محمد خان ترند

ممبر صوبائی اسمبلی خیبر پختونخواہ

CALL ATTENTION NOTICE

Session No. 9th

Notice No. 1198

Received Time 4:30

Received Date 10/7/2025

Hon Ms./Mr. تاج محمد ترند MPA

Receiver Sign.